روزنامہ سالار بنگلورو
ಸಾಲಾರ್
SALAR
DAILY BENGALURU
Published Simultaneously from Bengaluru, Hubballi & Kalaburagi
صفحات: 8 قیمت: 4-00 05-01-2021
dailysalarbangalore@gmail.com
www.dailysalar.com Estd:1964

نبی کریم علیہ السلام مشتعل نہیں ہوئے



مولانا وحید الدین خان

آج لوگوں کا حال یہ ہے کہ حریف کی طرف سے کوئی ناخوشگوار بات پیش آئے تو فوراً بھڑک اٹھتے ہیں اور اس سے لڑ جاتے ہیں۔ اور جب بے فائدہ لڑائی کے نقصانات بتائے جائیں تو کہتے ہیں کہ ہم خود سے نہیں لڑے، ہمارے خلاف سازش کر کے ہم کو جنگ میں الجھایا گیا۔ یہ لوگ نہیں جانتے کہ نہ لڑنا حقیقتاً اس کا نام ہے کہ کوئی لڑنے نہ آئے تو آپ نہ لڑیں۔ نہ لڑنا یہ ہے کہ لوگ لڑنے آئیں پھر بھی آپ ان سے نہ لڑیں۔ لوگ آپ کو اشتعال دلائیں مگر آپ مشتعل نہ ہوں، لوگ آپ کے خلاف سازشیں کریں مگر اپنی خاموش تدبیروں سے آپ ان کی سازش کو ناکام بنادیں۔ لوگ آپ کے خلاف اپنے دلوں میں دشمنی لئے ہوئے ہوں تب بھی آپ ان کی دشمنی کو عمل میں آنے دیں۔

زندگی کا اصل راز حریف سے لڑنا نہیں ہے۔ زندگی کا راز یہ ہے کہ لڑائی سے بچ کر اپنے آپ کو اتنا طاقتور بنایا جائے کہ لڑائی کے بغیر محض دبدبہ سے حریف ہتھیار ڈال دے۔ جو لوگ مشتعل ہو کر لڑ جائیں اور خاموش ہو کر تیاری کرنا نہ جانیں، ان کے لئے یہاں صرف بربادی کا انجام ہے۔ ناممکن ہے کہ خدا کی دنیا میں وہ کامیاب ہو سکیں۔ کیسی عجیب بات ہے کہ جو کامیابی پیغمبر علیہ السلام نے نہ ٹکرانے کی پالیسی اختیار کر کے حاصل کی ہے، اس کو ہم ٹکرانے کا طریقہ اختیار کر کے حاصل کرنا چاہتے ہیں، پھر بھی ہمارا یقین ہے کہ ہم رسول کریم علیہ السلام کے امتی ہیں اور آپ ضرور خدا کے یہاں ہماری شفاعت فرمائیں گے۔